نیو یارک کا امریکی ریسکیو پلان ابتدائی اور ثانوی اسکول کا ہنگامی راحت رسانی کا منصوبہ تیار کرنے کے حوالے سے ریاستی محکمہ تعلیم عوامی رائے طلب کر رہا ہے

عوامی تاثرات 24 مئی تک قبول کیے جائیں گے

نیو یارک اسٹیٹ کا محکمہ تعلیم (New York State Education Department, NYSED) امریکی ریسکیو پلان (ARP (American Rescue Plan, ابتدائی اور ثانوی اسکول کے لیے ہنگامی راحت رسانی (Elementary and Secondary School Emergency Relief, ESSER) کے فنڈ کے تحت نیو یارک اسٹیٹ کو تفویض کردہ وفاقی فنڈز میں $8.99 بلین کے استعمال کے لیے منصوبے کی تیاری کے حوالے سے عوام کی رائے طلب کر رہا ہے۔ یہ وفاقی فنڈز نیویارک اسٹیٹ کی مقامی تعلیمی ایجنسیوں (Local Educational Agencies, LEAs) کی اور NYSED کی، بحیثیت ریاستی تعلیمی ایجنسی، مدد کے لئے فراہم کیے گئے ہیں، تاکہ رواں تعلیمی سال میں اور اس کے بعد محفوظ طریقے سے اسکولوں کے دوبارہ کھلنے اور برقرار رکھنے میں مدد کی جائے، نیز نیو یارک اسٹیٹ کے طلبہ کی تعلیمی، سماجی، جذباتی، اور ذہنی صحت کی ضروریات کو پورا کر کے ان پر کورونا وائرس کی بیماری 2019 ("COVID-19") کی عالمگیر وبا کے مرتب ہونے والے اثرات کو دور کیا جائے۔

احتساب، شفافیت، اور ARP ESSER فنڈز کے مؤثر استعمال کو فروغ دینے کے لیے NYSED تمام مستفیدین سے عوامی رائے طلب کر رہا ہے، جس میں بلا تحدید درج ذیل شامل ہیں:

- طلبہ؛
- کنبے؛
- مقامی امریکی اقوام؛
- شہری حقوق کی تنظیمیں (بشمول معذوری کے حقوق کی تنظیمیں)؛
- اسکول اور ضلعی منتظمین (بشمول خصوصی تعلیم کے منتظمین)؛
- سپرنٹنڈنٹس؛
- چارٹر اسکول کے سربراہان؛
- اساتذہ؛
- پرنسپلز، اسکول کے سربراہان، دوسرے اساتذہ، اسکول کا عملہ، اور ان کی یونینز؛ اور
- معذور بچوں، انگریزی متعلمین، بے گھری کا سامنا کرنے والے بچوں، رضاعی نگہداشت والے بچوں، ہجرت کرنے والے طلبہ، قید میں بند بچوں اور دیگر پسماندہ طلبہ کے مفادات کی نمائندگی کرنے والے مستفیدین۔

مستفیدین سے نیو یارک کے ARP ESSER کے منصوبے سے متعلق مندرجہ ذیل سوال پر اپنے خیالات فراہم کرنے کے لئے ThoughtExchange پلیٹ فارم پر جانے کو کہا جاتا ہے:

چونکہ ہم نیو یارک اسٹیٹ میں اگلے تعلیمی سال کی تیاری کر رہے ہیں لہذا، ہمیں بتائیں کہ تمام طلبہ کی خدمت انجام دینے کے لیے اسکولوں کو فراہم کرنے لائق سب سے اہم تعلیمی، معاشرتی جذباتی، اور/یا ذہنی صحت کی امداد کیا ہیں (جیسے، عام تعلیم کے طلبہ، معذور طلبہ، انگریزی زبان کے متعلمین، اور دوسرے وہ طلبہ جو عالمگیر وبا سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں)؟

24 مئی 2021 تک موصول ہونے والے جوابات NYSED کے حتمی ARP ESSER منصوبہ میں ظاہر ہوں گے۔

اس اہم کوشش میں آپ کے تعاون کا شکریہ۔